## خزینہ رحمت

مصنف : مولانا عبداللطیف مسعود' ناشر : انجمن اشاعت اسلام' جامع مسجد خضری' نزد مشن گراؤنڈ ہائی اسکول' ڈسکہ' صفحات : 192' قیمت : 30 روپے۔

فرمان نبویؐ ہے کہ الدعاء مخ العبادۃ' دعاء عبادت کا مغز ہے۔ دوسرے موقعہ پر فرمایا کہ الدعاء ھو العبادۃ' دعا عین عبادت ہے۔ جبکہ منکرین حدیث نے دعا کی اہمیت و ضرورت سے انکار کیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں مصنف نے دعا کی قبولیت کی شرائط' طریق دعا' آداب دعا' مقامات قبولیت' فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر اجتماعی دعا مانگنے کا ثبوت' اور حضور علیہ السلام کے اذکار و وظائف پر قابل قدر اور اچھی بحث کی ہے۔ البتہ مسئلہ توسل میں انہوں نے جمہور اہلسنت و الجماعت کے خلاف موقف اختیار کیا ہے۔ وہ صرف نیک اعمال کے وسیلے کے قائل ہیں' صالح رجال کے وسیلہ کے قائل نہیں' حالانکہ یہ جمہور کا مسلک ہے۔ اس وضاحت کے ساتھ' کتاب کی باقی ابحاث قابل مطالعہ ہیں۔

## عقیقہ اور ولیمہ اسلام کی نظر میں

مرتب : مولانا قاری محمد اجمل خان' ناشر : مکتبہ اشاعت اسلام عبدالکریم روڈ' قلعہ گوجر سنگھ لاہور' صفحات : 88' قیمت درج نہیں۔

عقیقہ اور ولیمہ دو اسلامی شعار ہیں' جو بچہ کی ولادت اور شادی کی خوشی میں ادا کیے جاتے ہیں۔ ان دونوں شرعی رسوم میں آج کل بے شمار عوامی رسوم داخل ہو گئی ہیں۔ مولانا محمد اجمل خان کی یہ کتاب اسی موضوع پر ان کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو کچھ عرصہ قبل ماہنامہ بینات اور ماہنامہ البلاغ کراچی میں بالاقساط شائع ہو چکے ہیں۔ اس کی دو فصلیں ہیں: پہلی فصل میں عقیقہ کی وجہ تسمیہ' اس کی مشروعیت کے فلسفہ' احادیث صحیحہ کی روشنی میں اس کی اہمیت و فوائد' اس کے شرعی طریقہ' اس کے فقہی احکام' اور اس میں شامل ہو جانے والی غلط رسومات پر بحث کی گئی ہے۔ اور دوسری فصل میں احادیث کی روشنی میں ولیمہ کی اہمیت و فلسفہ' اس کے فقہی احکام' اور اسی میں شامل عوامی رسومات کا جائزہ لیا گیا ہے۔